| DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN | | نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان |
|---|---|---|

**مورخہ 28-04-2023**

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | منکی پاکس کیلئے آئسولیشن وارڈ قائم کئے جائیں، وزیراعلیٰ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | صوبائی حکومت تمام اقلیتوں کو یکساں حقوق کی فراہمی پر یقین رکھتی ہے، عبدالقدوس بزنجو۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 03 | مردم شماری پر تحفظات ختم کرنے کیلئے اقدامات کئے جائیں، گورنر۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 04 | جمعیت تحریک انصاف سے کسی صورت مذاکرات نہیں کریگی، مولانا عبدالوسع۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 05 | آخری دہشت گرد تک جنگ جاری، ضیاء اللہ لانگو۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | زیارت پر حکمرانی کرنیوالوں نے عوام کو سہولتوں سے محروم رکھا، نور محمد دمڑ۔ | آزادی ودیگراخبارات |
| 07 | بلوچستان کو منشیات کی لعنت سے پاک کرنے کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائینگے، مٹھا خان کاکڑ۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 08 | حکومتی رٹ چیلنج کرنے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹیں گے صوبائی وزیر ریونیو۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | چینی ویوریا کی مصنوعی قلت اسمگلنگ کے باعث ہے، چیف سیکرٹری۔ | سینچری ودیگراخبارات |
| 10 | سندھ وبلوچستان بارڈر پر ڈاکوؤں کے خلاف مشترکہ آپریشن کا فیصلہ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | خضدار دھماکہ میں پولیس انسپکٹر کی شہادت کا واقعہ قابل مزمت ہے فرح عظیم شاہ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | بلوچستان میں مونکی پاکس کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا محکمہ صحت۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | مردم شماری پر وزرائے اعلیٰ کا اجلاس ملتوی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | وفاقی محتسب کے حکم پر بیوہ خاتون کو معاوضے کی ادائیگی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | سی پیک توانائی کے شعبے میں چینی سرمایہ کاری 21 ارب ڈالر تک پہنچ گئی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | موٹروے پولیس نے مسافروں کو زائد کرایہ واپس کروادیا۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | 75 سالوں میں یہ طے نہیں ہوسکا کہ پاکستان میں سپریم آئی ہے یا کوئی اور سردار اختر مینگل۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | پارلیمنٹ ملک کو انتشار سے نکالنے کیلئے حکمت عملی وضع کرے، ڈاکٹر مالک۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 19 | کوئٹہ کی مردم شماری میں ایک ماہ توسیع کی جائے، جے یو آئی۔ | مشرق ودیگراخبارات |

## امن وامان

کوئٹہ پولیس کی کاروائی میں موٹرسائیکل چھیننے والے 2 اور دیگر 7 ملزمان گرفتار۔ جیک آباد واقعہ کا مقدمہ پولیس تھانہ مولاد میں 15 ملزمان کی خلاف درج، خضدار ریموٹ کنٹرول بم دھماکہ میں تھانیدار جاں بحق، تربت میں فائرنگ ایف سی کا ریٹائرڈ اہلکار جاں بحق پولیس۔

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 28-04-2023

## عوامی مسائل

کوئٹہ موسم بدلتے ہی کانگووائرس پھیلنے کا اندیشہ ایک مریض چل بسا، اوستہ محمد گندم خریداری میں میگا کرپشن محکمہ زمینداروں کو چونا لگانے میں مصروف، مانجھی پور ٹھیکدار کو ایک کروڑ کی ادائیگی بنیادوں کی کھدائی کالج کا کام التوا کا شکار۔

**اداریہ:**

روزنامہ انتخاب کوئٹہ نے "**بارشوں کی پیشنگوئی اندگی مزید دشوار ہونے کا خدشہ** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ محکمہ موسمیات نے حب لسبیلہ سمیت پورے بلوچستان میں آج سے مئی کے پہلے تک طوفانی بارشوں کی پیشگوائی کی ہے جبکہ جولائی 2022 کی شدید بارشوں اور سیلاب سے بے گھر ہونے والے متاثرین کے گھروں کی تعمیر و مرمت کو حکومتی سطح پر تا حال ممکن نہیں بنایا گیا بے گھر سیلاب متاثرین اپنے اہل وعیال کے ہمراہ کھلے آسمان تلے زندگی بسر کرنے پر مجبور ہیں ایسے میں مزید بارشوں سے ان کی زندگیاں اجرن ہو جائیں گی۔ دنیا بھر میں پانی سے بجلی حاصل کرنا سب سے سستا ترین ذریعہ ہے ہوا اور شمسی توانائی اس کے بعد آتے ہیں۔ حکومت اور انتظامیہ فوری طور پر شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات کرے اور اس بات کو یقینی بنائے کہ سیلاب کی صورت میں کوئی بڑا حادثہ رونما نہ ہونے پائے۔ دوسری جانب سے پانی کو ذخیرہ کرنے کے منصوبوں کے لئے بھی کام کیا جائے۔

**اداریے:**

روزنامہ بلوچستان ٹائم کوئٹہ نے "Quetta Development Projects" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکس پریس کوئٹہ نے "Quetta Development Projects" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 28 APR 2023 Page No: 1

# منکی پاکس کیلئے آئسولیشن وارڈ قائم کیے جائیں، وزیراعلیٰ

## بی ایم سی سمیت چھ اسپتالوں کو ضروری سہولیات و آلات فراہم کرنے کی ہدایت

### دبئی سے کوئٹہ آنے والا شخص منکی پاکس کے شبہ میں اسپتال منتقل، کوئٹہ میں کوئی کیس نہیں، ترجمان محکمہ صحت

کوئٹہ (خ ن+اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی ہدایت پر محکمہ صحت نے تمام سرکاری اسپتالوں کو منکی پاکس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے مراسلہ ارسال کر دیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے ہدایت کی ہے کہ اسپتالوں میں خواتین اور مردوں کے لئے 5 تا 10 بستروں پر مشتمل آئسولیشن وارڈ قائم کیے جائیں جس کے بعد بی ایم سی اسپتال، سول اسپتال، مفتی محمود اسپتال، بینظیر اسپتال، شیخ زید اسپتال اور فاطمہ جناح اسپتال کو ہدایت جاری کر دی گئی ہیں۔ وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ تمام ضلعی اسپتالوں میں بھی آئسولیشن وارڈز کا قیام عمل میں لایا جائے اور منکی پاکس وائرس کے خطرے سے نمٹنے کے لیے تمام احتیاطی تدابیر اور ایس او پیز تیار کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت تمام اسپتالوں کو پانی بھی سمیت دیگر ضروری سہولیات و آلات فراہم کرے۔ کوئٹہ سے اسٹاف رپورٹر کے مطابق دبئی سے کوئٹہ آنے والے شخص کو منکی پاکس وائرس کے شبہ میں فاطمہ جناح چیسٹ انسٹی ٹیوٹ اسپتال داخل کر دیا گیا۔ اے ایم ایس ڈاکٹر زبیر کاکڑ نے بتایا کہ ایئرپورٹ پر محکمہ صحت کی جانب ہیلتھ ڈیسک قائم کیا گیا ہے، گزشتہ روز دبئی سے کوئٹہ آنے والی پرواز میں سوار مسافروں کا معائنہ کیا گیا ایک مسافر کو منکی پاکس وائرس کے شبہ میں فاطمہ جناح چیسٹ انسٹی ٹیوٹ میں داخل کرا دیا گیا ہے جس کے نمونے ٹیسٹ کیلئے بھجوا دیے گئے ہیں، رپورٹ آنے کے بعد حتمی رائے قائم کی جا سکے گی۔ انہوں نے بتایا کہ مذکورہ شخص جس کا نام اکبر خان ہے اور وہ ژوب کے علاقے شیرانی کا رہائشی ہے۔ دوسری جانب محکمہ صحت کے ترجمان نے بتایا کہ بلوچستان میں منکی پاکس کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا ہے اور انتہائی غیر ذمہ دارانہ طور پر یہ خبریں گردش کر رہی ہیں کہ کوئٹہ میں منکی پاکس کا کیس آ گیا ہے۔ ایسی کوئی تصدیق نہیں ہوئی۔ ایک مشتبہ مریض کا پی سی آر ٹیسٹ بھجوا دیا گیا ہے مریض کافی عرصے سے جلد کی بیماری میں مبتلا ہے تاہم محکمہ صحت بلوچستان پوری تندہی سے کام کر رہا ہے بے بنیاد اور سنسنی خیز خبریں پھیلانے سے گریز کیا جائے۔ دریں اثناء محکمہ صحت حکومت بلوچستان نے منکی پاکس وائرس کے پیش نظر صوبے کے تمام داخلی راستوں پر ہائی الرٹ جاری کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ صحت حکومت بلوچستان نے منکی پاکس وائرس کے پیش نظر تمام ڈی ایچ اوز کو ایک مراسلہ ارسال کیا ہے جس میں کہا گیا کہ صوبے کے تمام داخلی راستوں پر فوری طور پر محکمہ صحت کے پوائنٹس قائم کیے جائیں، مراسلے میں بتایا گیا کہ 17 اپریل 2023 کو سعودی عرب سے اسلام آباد جانے والے ایک مریض میں پہلے کیس کی تصدیق ہوئی اسلام آباد میں ہوئی اور متعلقہ ٹیم کے ذریعہ ایک مشتبہ کیس کی نشاندہی کی گئی جو کوئٹہ کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر بلوچستان میں پی او ای کے لیے دبئی سے بین الاقوامی پرواز سے سفر کر رہا ہے، جس کے بعد مندرجہ بالا تناظر میں ہدایت کی گئی کہ بلوچستان داخلی و خارجی راستوں کو ہائی الرٹ جاری کرے تاکہ تمام مشتبہ کیسز کا پتہ لگانے کے لیے ادارے چوکس رہیں۔

# وزیراعلیٰ کا سلیم شاہد سے اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے سینئر صحافی قومی اخبار کے بیورو چیف سلیم شاہد کے بھائی بلوچستان ہاؤس کے سابق سپرنٹنڈنٹ ضیاء فاروق کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

# اقلیتوں کو حقوق کی فراہمی پر یقین، یاتریوں کو سیکورٹی فراہم کی جائیگی، وزیراعلیٰ بزنجو

## ہنگلاج ماتا مندر ہندوؤں کی سب سے بڑی یاترا ہے، صوبے میں بسنے والے اقلیتوں کو مکمل مذہبی آزادی حاصل ہے، پیغام

کوئٹہ (پ ر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ضلع لسبیلہ ہنگول نیشنل پارک میں واقع تاریخی ہنگلاج ماتا مندر کی سالانہ مذہبی رسومات اور تقریبات کے آغاز کے موقع پر ایک پیغام میں کہا ہے کہ ہنگلاج ماتا جسے ہنگلاج دیوی ہنگلا دیوی اور نانی مندر بھی کہا جاتا ہے بلوچستان کے ضلع لسبیلہ اور ہنگول نیشنل پارک کے وسط میں واقع ہندو مذہب کا ایک تاریخی مقام ہے، انہوں نے کہا کہ پچھلی تین دہائیوں میں اس جگہ نے بڑھتی ہوئی مقبولیت حاصل کی ہے اور یہ پاکستان کی ہندو برادری کے لیے ایک متحد مذہبی مقام کی حیثیت اختیار کر چکا ہے ہنگلاج یاترا پاکستان میں ہندوؤں کی سب سے بڑی یاترا ہے جس میں بہت بڑی تعداد میں یاتری شمولیت کرتے ہیں، وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان ملک بھر اور بیرون ملک سے آنے والے تمام یاتریوں کو مکمل سیکورٹی فراہم کرے گی اور 28 اپریل سے شروع ہونے والے اس تین روزہ مذہبی تہوار کے آغاز پر مقامی انتظامیہ اور حکومت بلوچستان کا مکمل تعاون یاتریوں کو حاصل رہے گا، وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت نے یاتریوں کی سہولت اور سیاحتی سرگرمیوں کے فروغ کے لئے علاقے میں کئی ایک ترقیاتی منصوبے مکمل کیے ہیں جن میں سڑک کی تعمیر پانی اور رہائشی سہولیات کی فراہمی بھی شامل ہیں، انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت تمام طبقوں کو یکساں حقوق کی فراہمی پر یقین رکھتی ہے اور ہمارے صوبے میں بسنے والے تمام طبقوں کو مکمل مذہبی آزادی حاصل ہے صوبائی حکومت نے ہنگلاج ماتا مندر کی تاریخی اہمیت کو اجاگر کرنے سے متعلق ترقیاتی منصوبے کیلئے اضافی فنڈز کا اجراء بھی کیا ہے اور صوبائی حکومت اس اہم مقام کی صوبے میں مذہبی سیاحت کے فروغ سے متعلق اہمیت کو سمجھتی ہے۔ وزیراعلیٰ نے تاریخی مندر میلہ کی بھرپور کامیابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے ضلعی انتظامیہ کو تمام ہندو یاتریوں کے ساتھ مکمل تعاون کرنے اور سیکورٹی اداروں کو یاتریوں کو فول پروف سیکورٹی فراہم کرنے کی ہدایت کی ہے۔

# عوام کی حمایت سے دہشتگردوں کے عزائم ناکام بنائینگے، قدوس بزنجو

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے خضدار بم دھماکے میں پولیس انسپکٹر شربت خان کی شہادت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے اپنے ایک مذمتی بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ دہشت گرد ایسی بزدلانہ کارروائیوں سے سیکورٹی فورسز کے حوصلے پست نہیں کر سکتے دہشت گردوں کے مذموم مقاصد عوام کی تائید و حمایت سے ناکام بنائیں گے وزیراعلیٰ نے شہید انسپکٹر کے خاندان سے تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے شہید کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 28 APR 2023 Page No: 2

## صوبائی حکومت تمام اقلیتوں کو یکساں حقوق کی فراہمی پر یقین رکھتی ہے، عبدالقدوس بزنجو

ہنگلاج دیوی ہنگلا دیوی اور نانی مندر بلوچستان کے ضلع لسبیلہ اور ہنگول نیشنل پارک کے وسط میں واقع ہندو مذہب کا ایک تاریخی مقام ہے، وزیراعلیٰ

ہنگلاج یاترا پاکستان میں ہندوؤں کی سب سے بڑی یاترا، حکومت ملک بھر اور بیرون ملک سے آنے والے تمام یاتریوں کو مکمل سیکیورٹی فراہم کرے گی

صوبائی حکومت تمام اقلیتوں کو یکساں حقوق کی فراہمی پر یقین رکھتی ہے اور ہمارے صوبے میں بسنے والے تمام اقلیتوں کو مکمل مذہبی آزادی حاصل ہے، پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ضلع لسبیلہ ہنگول نیشنل پارک میں واقع تاریخی ہنگلاج ماتا مندر کی سالانہ مذہبی رسومات اور تقریبات کے آغاز کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ ہنگلاج ماتا جسے ہنگلاج دیوی ہنگل...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 9 پر

اور دیوی اور نانی مندر بھی کہا جاتا ہے بلوچستان کے ضلع لسبیلہ اور ہنگول نیشنل پارک کے وسط میں واقع ہندو مذہب کا ایک تاریخی مقام ہے انہوں نے کہا کہ پچھلی تین دہائیوں میں اس جگہ نے بڑھتی ہوئی مقبولیت حاصل کی ہے اور یہ پاکستان کی ہندو برادری کے لیے ایک متحد مذہبی مقام کی حیثیت اختیار کر چکا ہے ہنگلاج یاترا پاکستان میں ہندوؤں کی سب سے بڑی یاترا ہے جس میں بہت بڑی تعداد میں یاتری شمولیت کرتے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان ملک بھر اور بیرون ملک سے آنے والے تمام یاتریوں کو مکمل سیکیورٹی فراہم کرے گی اور 28 اپریل سے شروع ہونے والے اس تین روزہ مذہبی تہوار کے آغاز پر مقامی انتظامیہ اور حکومت بلوچستان کا مکمل تعاون یاتریوں کو حاصل رہے گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت نے یاتریوں کی سہولت اور سیاحتی سرگرمیوں کے فروغ کے لئے علاقے میں کئی ایک ترقیاتی منصوبے مکمل کیے ہیں جن میں سڑک کی تعمیر پانی اور رہائشی سہولیات کی فراہمی بھی شامل ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت تمام اقلیتوں کو یکساں حقوق کی فراہمی پر یقین رکھتی ہے

## منکی پوکس کا ممکنہ پھیلاؤ، بلوچستان کے تمام داخلی راستوں پر ہائی الرٹ جاری

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی ہدایت پر محکمہ صحت نے تمام سرکاری اسپتالوں کو منکی پوکس کے ممکنہ پھیلاؤ کو روکنے کے لئے مراسلہ ارسال کر دیا

تمام ضلعی اسپتالوں میں آئسولیشن وارڈز قائم کیے جائیں، محکمہ صحت تمام اسپتالوں کو پی پی ای سمیت دیگر ضروری سہولیات و آلات فراہم کرے، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (خ ن، این این آئی)۔ محکمہ صحت حکومت بلوچستان کی جانب سے جاری ہونے والے ایک مراسلے میں مو...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 9 پر

نکی پوکس کے ممکنہ پھیلاؤ کے تناظر منکی پوکس پھیلنے کے خطرے کو مدنظر رکھتے ہوئے بلوچستان کے تمام داخلی راستوں پوائنٹس آف انٹریز (POE) پر ہائی الرٹ جاری کر دیا گیا جس کے بعد 17 اپریل 2023 کو سعودی عرب سے اسلام آباد جانے والے ایک مریض میں پہلے کیس کی تصدیق پر اسلام آباد میں ہوئی اور متعلقہ ٹیم کے ذریعہ ایک مشتبہ منکی پوکس کیس کی نشاندہی کی گئی جو کوئٹہ کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر بلوچستان میں پی او ای کے لیے دبئی سے بین الاقوامی پرواز سے سفر کر رہے

## وزیراعلیٰ میر قدوس بزنجو اور میر عبدالغفور لہڑی میں ٹیلی فونک رابطہ

بلوچستان میں پارٹی سمیت دیگر سیاسی امور پر تفصیلی بات چیت کی گئی

نصیر آباد (نامہ نگار) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو بلوچستان عوامی پارٹی کے سینئر نائب صدر اور اپنے دیرینہ ساتھی میر عبدالغفور لہڑی سے ٹیلی فونک رابطہ کیا اس موقع پر اسلام آباد میں گزشتہ روز ہونے والے پارٹی کے مرکزی اجلا...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 9 پر

س سے متعلق فیصلوں سے آگاہ کیا میر عبدالقدوس بزنجو نے بتایا کہ بلوچستان عوامی پارٹی نے موجودہ وفاقی حکومت کی حمایت اور اقدامات سے متعلق اپنی حکمت عملی مرتب کی ہے جبکہ پارٹی کو فعال اور منظم کرنے اور آئندہ جنرل الیکشن میں پی ڈی ایم کا اتحادی ہوتے ہوئے بھرپور حصہ لینے کا فیصلہ کیا گیا

## وزیراعلیٰ بلوچستان کی ارسلان فیاض سے تعزیت

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ایک تعزیتی بیان میں ممتاز بزرگ صحافی اور روزنامہ جنگ کوئٹہ کے سابق چیف رپورٹر حاجی فیاض حسن سجاد مرحوم کے بھائی اور روزنامہ جنگ کے اسٹاف رپورٹر محمد ارسلان فیاض کے چچا احمد حسن کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر کی دعا کی۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

DATE: 28 APR 2023

Bullet No. 1

Page No: 4

## مردم شماری پر تحفظات ختم کرنے کیلئے اقدامات کیے جائیں، گورنر

**مسائل کا پائیدار حل ڈھونڈنا ترجیح، حقیقی قیادت ہمیشہ خلق خدا سے جڑی رہتی ہے، وفد سے گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان بالخصوص کوئٹہ شہر میں مردم شماری اور خانہ شماری میں غفلت اور کوتاہی کے حوالے سے سیاسی پارٹیوں کے تحفظات اور خدشات میں سامنے آ رہے ہیں بدقسمتی سے جائزہ لینے کے بعد معلوم ہوا ہے کہ حکومتی اور عوامی دونوں سطحوں پر کمزوری رہی ہے لہٰذا قومی مفاد کے تناظر میں ہمیں بلاامتیاز سننے، سمجھنے اور اس کا فوری حل ڈھونڈنے کی ضرورت ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو گورنر ہاؤس کوئٹہ بی این پی ضلع کوئٹہ کے صدر غلام نبی مری کی قیادت میں آل پارٹیز کے نمائندوں کے وفد سے ملاقات کرتے ہوئے کیا اس موقع پر کمشنر مردم شماری نور محمد پرکانی اور ڈی سی کوئٹہ شہک بلوچ بھی موجود تھے وفد میں پاکستان مسلم لیگ (ن)، پاکستان پیپلز پارٹی، جمعیت علمائے اسلام، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی، نیشنل پارٹی، بلوچستان نیشنل پارٹی، عوامی نیشنل پارٹی، پاکستان تحریک انصاف، جماعت اسلامی، ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی، مجلس وحدت المسلمین، جماعت اہلحدیث پاکستان، اور بلوچستان عوامی پارٹی کے نمائندے موجود تھے گورنر بلوچستان نے آئینی اور قانونی تقاضوں کے مطابق تمام شہریوں کا درست اندراج کو یقینی بنانے اور عوام کی جانب سے اٹھائی گئیں شکایات کو متعلقہ حکام تک پہنچانے کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ مردم شماری اور خانہ شماری زمینی حقائق معلوم کرنے اور درست منصوبہ بندی کو یقینی بنانے کیلئے ہوتی ہیں اس کے علاوہ درست مردم شماری اور خانہ شماری سے قلیل مدت اور طویل المدت منصوبہ بندی کرنے میں آسانی رہتی ہے۔ انہوں نے کمشنر مردم شماری پر زور دیا کہ تمام شہریوں کے درست اندراج کو یقینی بنانے اور سیاسی پارٹیوں کے تحفظات کو دور کرنے کیلئے ضروری اقدامات کئے جائیں مردم شماری میں نظرانداز حلقوں اور اندراج سے رہ جانے والے گھرانوں پر سیاسی پارٹیوں کی جانب سے سامنے آنے والے خدشات اور تحفظات کو متعلقہ وفاقی اور صوبائی حکام تک پہنچا کر مقررکردہ تاریخ کو بڑھایا بھی جاسکتا ہے۔

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت صوبے کے تمام اضلاع میں یکساں اور متوازن ترقی پر یقین رکھتی ہے اس ضمن میں صوبے کے تمام اضلاع بالخصوص دور افتادہ علاقوں کے عوام کو تمام بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر پہنچانا ہماری ترجیحات میں شامل ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں سابق سینیٹر اور وفاقی وزیر ... سے گفتگو کرتے ہوئے کیا وفد میں حاجی محمد عثمان کاکڑ، قاری محمد نسیم اور محمد خالد بھی موجود تھے اس موقع پر گورنر نے کہا ہے کہ حقیقی قیادت ہمیشہ خلق خدا سے جڑی رہتی ہے، وہ نہ صرف علاقے کے عوام کے مسائل و مشکلات سے بخوبی آگاہ ہوتی ہے بلکہ ان کا پائیدار حل ڈھونڈنا ان کی ترجیحات میں سرفہرست ہے۔ وفد نے گورنر بلوچستان کو ضلع قلعہ عبداللہ کے عوام کو درپیش مسائل ومشکلات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ اس ترقی یافتہ دور میں بھی تعلیم، صحت اور صاف پانی کی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، گورنر بلوچستان نے ان کے مسائل ومشکلات کو غور اور توجہ سے سنا اور ان کے حل کیلئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ دریں اثناء گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا ہے کہ تمام بلوچستان پبلک سیکٹر یونیورسٹیز میں موجود قابل ماہرین اور محققین خاص طور پر وائس چانسلرز صاحبان کے علم وتجربے سے بھرپور استفادہ کرنا اشد ضروری ہے، ان کی فکری رہنمائی اور تعاون سے نہ صرف جدید ریسرچ پر مبنی علم ودانش کو فروغ ملے گا بلکہ یونیورسٹی کی سطح پر پالیسیاں تشکیل دینے اور اپنے وسائل پیدا کرنے میں بھی بھرپور مدد ملے گی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں گوادر یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ ہمیں خوشی ہے کہ گوادر یونیورسٹی بہت قلیل مدت میں کامیابی کی راہ پر گامزن ہوئی ہے اور حال ہی میں ہائیر ایجوکیشن کمیشن کی جانب سے کوسٹل ایریاز کے اسٹوڈنٹس کیلئے سکالرشپ فراہم کرنا ایک خوش آئند عمل ہے، گورنر بلوچستان نے کہا کہ یونیورسٹی کے طلباء اور طالبات کو سکالرشپ اور دیگر ضروری سہولیات فراہم کرنے کے مثبت نتائج برآمد ہوں گے۔

## گورنر کی خضدار دھماکے کی مذمت

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان خضدار بم دھماکے میں پولیس انسپکٹر شریعت خان پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا۔ اپنے ایک مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشت گرد ایسی بزدلانہ کارروائیوں سے ہمارے حوصلے پست نہیں کر سکتے۔ دہشت گردی کے خاتمے کیلئے عوام کا تعاون اشد ضروری ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## سیاسی پارٹیوں کے تحفظات دور کرکے شہریوں کا درست اندراج یقینی بنایا جائے، عبدالولی کاکڑ

**سیاسی پارٹیوں کی جانب سے سامنے آنے والے خدشات اور تحفظات کو متعلقہ وفاقی اور صوبائی حکام تک پہنچا کر مردم شماری کی تاریخ کو بڑھایا بھی جا سکتا ہے**

**بلوچستان بالخصوص کوئٹہ میں حالیہ مردم شماری میں برتنے والی غفلت اور کوتاہی کے حوالے سے مختلف سیاسی پارٹیوں کے تحفظات سامنے آرہے ہیں، گورنر**

**حکومتی اور عوامی دونوں سطحوں پر کمزوری رہی، قومی مفاد کے تناظر میں ہمیں بلا امتیاز سننے، سمجھنے اور ان کا فوری حل ڈھونڈنے کی ضرورت ہے، وفد سے گفتگو**

کوئٹہ (غ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ پورے بلوچستان بالخصوص کوئٹہ شہر میں حالیہ مردم شماری اور خانہ شماری میں برتنے والی غفلت اور کوتاہی کے حوالے سے مختلف سیاسی پارٹیوں کے تحفظات اور خدشات میں سامنے آ رہے ہیں.........

بقیہ 33 صفحہ نمبر 9 پر

بدقسمتی سے جائزہ لینے کے بعد معلوم ہوا ہے کہ حکومتی اور عوامی دونوں سطحوں پر کمزوری رہی ہے. لہٰذا قومی مفاد کے تناظر میں ہمیں بلاامتیاز سننے، سمجھنے اور ان کا فوری حل ڈھونڈنے کی ضرورت ہے گورنر بلوچستان نے آئینی اور قانونی تقاضوں کے مطابق تمام شہریوں کا درست اندراج کو یقینی بنانے اور عوام کی جانب سے اٹھائی گئیں شکایات کو متعلقہ حکام تک پہنچانے کی یقین دہانی کرائی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ بی این پی مینگل کے مرکزی رہنماء غلام نبی مری کی قیادت میں آل پارٹیز کے نمائندوں کے وفد سے ملاقات کرتے ہوئے کیا

## زیارت پر حکمرانی کرنیوالوں نے عوام کو سہولتوں سے محروم رکھا، نور محمد دمڑ

**درجنوں نئے سکولز اور مراکز صحت تعمیر کیے، عوام کو مفت تعلیم اور طبی سہولیات میسر ہونگی، خطاب**

سنجاوی (پ ر) بی اے پی کے صوبائی جنرل سیکرٹری سینئر صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ زیارت پر تیس، چالیس سال حکمرانی کرنے والوں نے ضلع زیارت کو تعلیم سمیت تمام بنیادی سہولتوں سے یکسر محروم رکھا موجودہ دور حکومت میں حلقے میں درجنوں نئے سکولز اور مراکز صحت تعمیر کیے ہیں جنکی تکمیل سے عوام کو مفت تعلیم، طبی سہولیات میسر ہونگی، کلی بے تیر، چوتیر اور جہاں گرلز سکول موجود نہیں وہاں پر گرلز سکول تعمیر کرینگے تاکہ ہماری بچیاں تعلیم حاصل کرسکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یونین کونسل کلی بے تیر کا دورہ کرتے کے دوران علاقے کے معتبرین پارٹی کارکنوں اور گاؤں کی معصوم بچیوں سے بات چیت میں کیا۔ اس موقع پر کلی بے تیر کی معصوم بچیاں جو ایک گروپ کی شکل میں سینئر صوبائی وزیر سے ملنے آئیں تھیں، بات کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے تو لڑکوں کے لئے سکول منظور کروائے لیکن ہمارے لئے سکول منظور نہیں کیا اور ہم بھی پڑھنا چاہتی ہیں آپ ہمارے لئے بھی گرلز سکول بنا ئیں، حاجی نور محمد خان دمڑ نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ آپ لوگوں نے جن لوگوں کو ووٹ دیا، انہوں نے آپ لوگوں کے لئے ابھی تک ایک سکول نہیں بنایا جس پر سینئر صوبائی وزیر نے افسوس کا اظہار کیا اور ان معصوم بچیوں سے کہا کہ بہت جلد گرلز سکول قائم ہوگا، بلکہ ضلع کی ہر یونین کونسل میں بچوں کے ساتھ بچیوں کیلئے بھی سکول قائم کرینگے جہاں پر سکول موجود ہیں انہیں فعال کرینگے، جس پر علاقے معتبرین خصوصاً بچیوں نے سینئر صوبائی وزیر کا سکول قائم کرنے کے اعلان پر انکا شکریہ کیا۔ اس کے علاوہ سینئر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے تحصیل سنجاوی یونین کونسل چوتیر اور کاژہ میں مختلف مقامات پر شمولیتی اجتماعات سے خطاب کیا اور تین سو افراد نے مختلف سیاسی جماعتوں سے مستعفی ہوکر انکے کاروان میں شامل ہوگئے۔

## آخری دہشت گرد تک جنگ جاری رہے گی، ضیاء اللہ لانگو

**وزیر داخلہ کا خضدار بم دھماکے میں انسپکٹر شربت خان کی شہادت پر اظہار افسوس**

کوئٹہ (خ ن) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے خضدار میں انسپکٹر شربت خان کی دھماکے میں شہادت کے واقعہ پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف ہماری جنگ آخری دہشت گرد کے خاتمے تک جاری رہے گی اور عوام کے تعاون سے ہر چیلنج پر قابو پائیں گے وزیر داخلہ نے شہید کی جنت میں بلند درجات اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی۔

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان کو منشیات کی لعنت سے پاک کرنے کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائینگے، مٹھا خان کاکڑ

**منشیات ایک ناسور ہے جو ہمارے نوجوان نسل کو دیمک کی طرح چاٹ رہی ہے، تدارک کیلئے نیمرا بحالی سنٹر کا کردار قابل تحسین ہے**

**بلاتفریق عوامی خدمت اور فلاحی اداروں کی مالی معاونت ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے، مشیر اطلاعات کا دورے کے دوران اظہار خیال**

ژوب (خ ن) بلاتفریق عوامی خدمت اور فلاحی اداروں کی مالی معاونت ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے ان خیالات کا اظہار مشیر اطلاعات حاجی مٹھا خان کاکڑ نے نیمرا بحالی سنٹر کا دورے کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ منشیات ایک ناسور ہے جو ہمارے نوجوان نسل کو دیمک کی طرح چاٹ رہی ہے منشیات کے تدارک کیلئے نیمرا بحالی سنٹر کا کردار قابل تحسین ہے فلاحی اداروں کی مالی معاونت کرنا اور منشیات کے خلاف عملی اقدامات اٹھانا اصل جہاد ہے کیونکہ منشیات سے چوری ڈکیتی بدامنی اور خوشحال گھرانے

بقیہ نمبر 82 صفحہ نمبر 9 پر

باعث ویران و اجاڑ ہوتے ہیں انہوں نے نیمرا بحالی سنٹر کیلئے رو دیگر ضروریات کو پورا کرنے کیلئے ایک لاکھ روپے نقد دینے کا اعلان کیا اور نیمرا بحالی سنٹر کیلئے مزید تعاون دینے کی یقین دہانی کرائی اس موقع پر بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر خیر محمد مندوخیل نیمرا بحالی سنٹر کے بانی مولوی عبدالحمید مردانزئی، فضل آمین مندوخیل، خدائیداد کاکڑ، عبداللہ جان کاکڑ، نقیب اللہ بابر، خدمت کمیٹی کے سید افضل شاہ مندوخیل، سمیع اللہ مندوخیل بھی موجود تھے صوبائی مشیر اطلاعات حاجی مٹھا خان کاکڑ نے کہا کہ نیمرا بحالی سنٹر میں 200 سے زائد مریض زیر علاج ہیں ایک سروے کے مطابق ژوب میں تین ہزار نشے کے عادی لوگ ہیں نیمرا بحالی سنٹر کے قیام سے حالیہ ماہ رمضان میں گذشتہ سالوں کی نسبت چوری ڈکیتی میں نمایاں کمی ہوئی ہے انہوں نے کہا کہ عبدالحمید فاونڈیشن نے عوام کی سہولیات کیلئے دن رات ایمبولنس کی مفت سروس شروع کیا ہے اور لاوارث میت کیلئے غسل کفن اور پہنچانے کیلئے تمام سہولیات کا بندوبست کیا ہے نیمرا بحالی سنٹر ہم سب کا مشترک ایک فلاحی ادارہ ہے مخیر حضرات سے مالی تعاون کی اپیل ہے آخر میں نیمرا بحالی سنٹر کے بانی عبدالحمید مردانزئی نے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا

## جمعیت تحریک انصاف سے کسی صورت مذاکرات نہیں کریگی، مولانا عبدالواسع

**الیکشن کمیشن سیاسی جماعتوں کو مشاورت کیلئے بلاسکتا ہے، سپریم کورٹ 90 دن میں کیوں پھنس گئی ہے، وفاقی وزیر ہاوسنگ اینڈ ورکس**

**وزیر اعظم نے جمہوری عمل سے اعتماد کا ووٹ لیا اور یہ ثابت کیا ہے کہ ملک کو جمہوری طریقے سے چلانا ہوگا، مختلف وفود سے بات چیت**

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر و وفاقی وزیر ہاوسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام تحریک انصاف سے کسی صورت مذاکرات نہیں کرینگے اور نہ مذاکرات کمیٹی کا حصہ بنے گی وزیر اعظم نے جمہوری عمل سے اعتماد کا ووٹ لیا اور یہ ثابت کیا ہے کہ ملک کو جمہوری طریقے سے چلانا ہوگا انتخابات کرنا الیکشن کمیشن کا کام ہے، الیکشن کمیشن سیاسی جماعتوں کو مشاورت کیلئے بلاسکتا ہے، سپریم کورٹ 90 دن میں کیوں پھنس گئی ہے، پاکستان میں انتخابات ہمیشہ ایک دن ہوتے رہے ہیں۔ ان خیالات.......

بقیہ نمبر 68 صفحہ نمبر 9 پر

کا اظہار انہوں نے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ مولانا عبدالواسع نے کہا ہے ہم نے فیڈریشن اور آئین کو بچانا ہے، آج سپریم کورٹ کے رویہ کو مثبت انداز میں دیکھ رہے ہیں، اگر بنیادی ڈھانچے کا ایک بھی ستون گرتا ہے تو عمارت گر جاتی ہے، ہماری نظر وفاق پاکستان پر ہے، عدالت نے ایک طرف مذاکرات کا کہا اور دوسری طرف ہتھوڑا دکھایا۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کے کارکن مردم شماری میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں مردم شماری کے عمل پر اعتماد کیا جارہا ہے

# حکومتی رٹ چیلنج کرنے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹیں گے، صوبائی وزیر ریونیو

جعفرآباد پولیس کے 6 جوانوں وافسر کو ڈاکوؤں کا ڈٹ کر مقابلہ کرکے جام شہادت نوش کرنے پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں، سکندر خان عمرانی

شہداء کا خون رائیگاں جانے نہیں دیں گے، چیئرمین ایم سی ڈی ایم جمالی میر صفدر خان عمرانی

نصیرآباد (نامہ نگار) صوبائی وزیر ریونیو میر سکندر خان عمرانی اور چیئرمین میونسپل کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی میر صفدر خان عمرانی نے سندھ کے علاقے جاگیر میں ڈاکوؤں کی فائرنگ سے بلوچستان جعفرآباد پولیس کے چھ جوانوں وافسر کی شہادت پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا ہے کہ جرائم پیشہ افراد کے ساتھ مقابلے میں شہید ہونے والے افسر اور نوجوانوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرکے مادر وطن سے بے دریغ محبت کا اظہار کیا ہے ہمیں ان کی بے مثال قربانی پر فخر ہے شہیدوں کا خون کبھی بھی رائیگاں نہیں جائے گا جنہوں نے علاقے میں امن وامان کی بحالی کیلئے اپنی جانیں نچھاور کیں ہم شہداء کی عظمت کو سلام پیش کرتے ہیں پولیس کے جوانوں نے جو علاقے میں امن کی بحالی کیلئے قربانی دی وہ رہتی دنیا تک یاد رکھی جائیں گی قانون کی رٹ کو چیلنج نہیں کیا جاسکتا قانونی عمل میں خلل ڈالنے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا صوبائی وزیر ریونیو میر سکندر خان عمرانی اور چیئرمین میونسپل کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی میر صفدر خان عمرانی نے کہا کہ غم کی اس گھڑی میں ہم لواحقین کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں اللہ تعالیٰ شہداء کو جوار رحمت میں جگہ نصیب عطاء فرمائے اور پسماندگان کو اس عظیم صدمے کو برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

Century Express Quetta

# منشیات کیخلاف عملی اقدامات جہاد ہے، مٹھا خان کاکڑ

یہ ناسور نوجوان نسل کو دیمک کی طرح چاٹ رہا ہے، تقریب سے خطاب

صوبائی مشیر کا نیمرا بحالی سنٹر کیلئے مالی امداد کا اعلان، مزید تعاون کی یقین دہانی

ژوب (نمائندہ ایکسپریس) بلاتفریق عوامی خدمت اور فلاحی اداروں کی مالی معاونت ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ان خیالات کا اظہار مشیر اطلاعات حاجی مٹھا خان کاکڑ نے نیمرا بحالی سنٹر کا دورے کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں (باقی صفحہ 4 نمبر 26)

نے کہا کہ منشیات ایک ناسور ہے جو ہمارے نوجوان نسل کو دیمک کی طرح چاٹ رہی ہے منشیات کے تدارک کیلئے نیمرا بحالی سنٹر کا کردار قابل تحسین ہے فلاحی اداروں کی مالی معاونت کرنا اور منشیات کے خلاف عملی اقدامات اٹھانا اصل جہاد ہے کیونکہ منشیات سے چوری ڈکیتی بدامنی اور خوشحال گھرانے ویران ہوتے ہیں انہوں نے نیمرا بحالی سنٹر کیلئے دیگر ضروریات کو پورا کرنے کیلئے ایک لاکھ روپے نقد دینے کا اعلان کیا اور نیمرا بحالی سنٹر کیلئے مزید تعاون دینے کی یقین دہانی کرائی اس موقع پر بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر خیر محمد مندوخیل، نیمرا بحالی سنٹر کے بانی مولوی عبدالحمید مردانزئی، فضل امین مندوخیل، خدائیداد کاکڑ، عبداللہ جان کاکڑ، نقیب اللہ بابر، خدمت کمیٹی کے سید افضل شاہ مندوخیل، سمیع اللہ مندوخیل بھی موجود تھے۔ صوبائی مشیر اطلاعات حاجی مٹھا خان کاکڑ نے کہا کہ نیمرا بحالی سنٹر میں 200 سے زائد مریض زیر علاج ہے ایک سروے کے مطابق ژوب میں تین ہزار نشے کے عادی لوگ ہیں نیمرا بحالی سنٹر کے قیام سے حالیہ ماہ رمضان میں گذشتہ سالوں کی نسبت چوری ڈکیتی میں نمایاں کمی ہوئی ہے انہوں نے کہا کہ عبدالحمید فاؤنڈیشن نے عوام کی سہولیات کیلئے دن رات ایمبولینس کی مفت سروس شروع کی ہے لاوارث میت کیلئے غسل کفن اور پہنچانے کیلئے تمام سہولیات کا بندوبست کیا ہے نیمرا بحالی سنٹر ہم سب کا مشترکہ ایک فلاحی ادارہ ہے مخیر حضرات سے مالی تعاون کی اپیل ہے آخر میں نیمرا بحالی سنٹر کے بانی عبدالحمید مردانزئی نے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔

حکومتی سرگرمیاں

# CLIPPING SERVICE


**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

DATE: 28 APR 2023

Page No: 8


## چینی و یوریا کی مصنوعی قلت اسمگلنگ کے باعث ہے، چیف سیکرٹری

**اسمگلرز کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے، اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے کہا ہے کہ حکومت صوبے میں گندم، یوریا، چینی، آٹا کی اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے ہنگامی اقدامات کر رہی ہے اور اس سلسلے میں کسی کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی اسمگلنگ کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے کیونکہ چینی، یوریا کی اسمگلنگ سے مصنوعی قلت پیدا ہوتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو پراونشل ٹاسک فورس برائے انسداد اسمگلنگ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ صالح محمد ناصر، سیکرٹری انڈسٹریز محمد اکبر حریفال، سیکرٹری خوراک مجیب الرحمن پانیزئی، کمشنر کوئٹہ سہیل الرحمن بلوچ جبکہ کسٹم کے نمائندے، ڈویژنل کمشنرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ اسمگلنگ کی وجہ سے معیشت کو شدید نقصان پہنچتا ہے انہوں نے کہا کہ حکومت کے ان اقدامات کا مقصد عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنا ہے۔ اشیا ضروریہ کی قیمتوں میں فرق اسمگلنگ کے باعث ہے اجلاس کو بتایا گیا کہ مختلف جوائنٹ چیک پوسٹوں (پداگ، لانڈھی، والی، جنگیان، ڈیرہ اللہ یار ٹول پلازہ، گرنگ، شیخ واصل، بیجابائی، اور گلنگور) پر اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے ایف سی، کسٹم اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے نمائندے ہیں۔

MASHRIQ QUETTA

## گندم، یوریا، چینی، آٹا کی سمگلنگ کی روک تھام کیلئے ہنگامی اقدامات جاری، چیف سیکرٹری

**حکومت کے ان اقدامات کا مقصد عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنا ہے۔ اشیاء ضروریہ کی قیمتوں میں فرق اسمگلنگ کی وجہ سے ہے، عبدالعزیز عقیلی**

**کسی کیساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی، اسمگلنگ کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے، حکام کو ہدایت**

**جوائنٹ چیک پوسٹوں پداگ، لانڈھی، والی، جنگیان، ڈیرہ اللہ یار ٹول پلازہ، گرنگ، شیخ واصل، بیجابائی، اور گلنگور میں کڑی نگرانی کی جا رہی ہے**

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی حکومت صوبے میں گندم، یوریا، چینی، آٹا کی اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے ہنگامی اقدامات کیے جا رہے ہیں اور اس سلسلے میں کسی کیساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ اسمگلنگ کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے کیونکہ چینی، یوریا کی اسمگلنگ سے مصنوعی قلت پیدا ہوتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے .......... بقیہ 21 صفحہ نمبر 9 پر

جمعرات کو پراونشل ٹاسک فورس برائے انسداد اسمگلنگ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ صالح محمد ناصر، سیکرٹری انڈسٹریز محمد اکبر حریفال، سیکرٹری خوراک مجیب الرحمن پانیزئی، کمشنر کوئٹہ سہیل الرحمن بلوچ جبکہ کسٹم کے نمائندے، ڈویژنل کمشنرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔

Century Express Quetta

## سمگلنگ کی روک تھام کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں، عبدالعزیز عقیلی

**سمگلنگ کی وجہ سے مصنوعی قلت پیدا اور قیمتیں بڑھ جاتی ہیں، چیف سیکرٹری بلوچستان**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی حکومت صوبے میں گندم، یوریا، چینی، آٹا کی اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے ہنگامی اقدامات کیے جا رہے ہیں اور اس سلسلے میں کسی کیساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ اسمگلنگ کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی (باقی صفحہ 4 نمبر 24)

جائے کیونکہ چینی، یوریا کی اسمگلنگ سے مصنوعی قلت پیدا ہوتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے جمعرات کو پراونشل ٹاسک فورس برائے انسداد اسمگلنگ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ صالح محمد ناصر، سیکرٹری انڈسٹریز محمد اکبر حریفال، سیکرٹری خوراک مجیب الرحمن پانیزئی، کمشنر کوئٹہ سہیل الرحمن بلوچ جبکہ کسٹم کے نمائندے، ڈویژنل کمشنرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ اسمگلنگ کی وجہ سے ملک و صوبے کی معیشت کو شدید نقصان پہنچتا ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ گندم، یوریا، چینی، آٹا کی اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے ہنگامی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کے ان اقدامات کا مقصد عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنا ہے۔ اشیاء ضروریہ کی قیمتوں میں فرق اسمگلنگ کی وجہ سے ہے۔ اسمگلنگ کی وجہ سے مصنوعی قلت پیدا ہوتی ہے جس کی وجہ سے قیمتیں بڑھ جاتی ہیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ مختلف جوائنٹ چیک پوسٹوں (پداگ، لانڈھی، والی، جنگیان، ڈیرہ اللہ یار ٹول پلازہ، گرنگ، شیخ واصل، بیجابائی، اور گلنگور) پر اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے ایف سی، کسٹم اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے نمائندے موجود ہوں گے۔

INTEKHAB QUETTA

## گندم، چینی، یوریا کی سمگلنگ روکنے کیلئے ہنگامی اقدامات کیے جا رہے ہیں، چیف سیکرٹری

**سمگلنگ کی وجہ سے معیشت کو نقصان پہنچتا ہے، سمگلروں کیخلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی حکومت صوبے میں گندم، یوریا، چینی، آٹا کی اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے ہنگامی اقدامات کیے جا رہے ہیں اور اس سلسلے میں کسی کیساتھ بقیہ نمبر 34 صفحہ 7 پر

کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ اسمگلنگ کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے کیونکہ چینی، یوریا کی اسمگلنگ سے مصنوعی قلت پیدا ہوتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے جمعرات کو پراونشل ٹاسک فورس برائے انسداد اسمگلنگ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ صالح محمد ناصر، سیکرٹری انڈسٹریز محمد اکبر حریفال، سیکرٹری خوراک مجیب الرحمن پانیزئی، کمشنر کوئٹہ سہیل الرحمن بلوچ جبکہ کسٹم کے نمائندے، ڈویژنل کمشنرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ اسمگلنگ کی وجہ سے ملک و صوبے کی معیشت کو شدید نقصان پہنچتا ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ گندم، یوریا، چینی، آٹا کی اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے ہنگامی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کے ان اقدامات کا مقصد عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 DATE: 28 APR 2023 Page No: 9

# سندھ و بلوچستان بارڈر پر ڈاکوؤں کیخلاف مشترکہ آپریشن کا فیصلہ

**آئی جی سندھ غلام نبی میمن اور آئی جی بلوچستان عبدالخالق شیخ کی زیر صدارت اجلاس' ڈی آئی جیز لاڑکانہ اور نصیر آباد نے بریفنگ دی**

کوئٹہ (خ ن) جیکب آباد واقعہ پر آئی جی سندھ غلام نبی میمن اور آئی جی بلوچستان عبدالخالق شیخ کی زیر صدارت سی پی او کراچی میں اجلاس ہوا جس میں ایس ایس پیز جیکب آباد اور نصیر آباد نے واقعہ پر پوائنٹ ٹو پوائنٹ بریفنگ دی اور چند ضروری سفارشات پیش کیں بعد ازاں ڈی آئی جیز لاڑکانہ اور نصیر آباد نے بھی اجلاس کو دوران بریفنگ بتایا کہ جاکھرانی گروپ سے ملوث ڈکیت گروہ کے 12 کارندوں کو مختلف مقدمات کے تحت گرفتار کیا گیا ہے جو اس وقت جیلوں میں قید ہیں۔ آئی جی سندھ نے کہا کہ شہیدوں کا خون رائیگاں نہیں جائیگا، ڈی آئی جی لاڑکانہ تفتیشی ٹیم تشکیل دیکر واقعہ میں ملوث ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچائیں۔ انہوں نے ڈی آئی جی ٹی اینڈ ٹی کو پولیس کے لیے ٹیکنالوجی کی فراہمی کے اقدامات کریں جبکہ اے آئی جی لاجسٹکس کو ہدایات دیں کہ ڈاکوؤں کے خلاف جاری آپریشن میں متعلقہ پولیس کو درکار آرمز اینڈ ایمونیشن کی فراہمی کو بھی یقینی بنائیں، علاوہ ازیں انہوں اے آئی جی آپریشنز سندھ کو آر آر ایف کی ایک پلاٹون کی فراہمی کے لیے بھی احکامات دیتے ہوئے ایس ایس پی جیکب آباد سے کہا کہ واقعہ میں ملوث ڈاکوؤں کی ہیڈ منی کے لیے اے آئی جی آپریشنز کو باقاعدہ مراسلہ ارسال کیا جائے۔ آئی جی بلوچستان عبدالخالق شیخ نے کہا کہ پولیس اہلکاروں کی فرائض کے دوران شہادت کا یہ بہت بڑا واقعہ ہے اور اس واقعہ میں ملوث ڈکیت گروہوں کے خلاف سندھ اور بلوچستان پولیس کو جوائنٹ آپریشن کرنا ہوگا اور دونوں ہی صوبوں کی پولیس کو لیڈ رول ادا کرنا ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ ڈاکوؤں کے خلاف آپریشن کو طویل مدتی حکمت عملی بنا کر اسوقت تک پولیس کو سرگرم عمل رہنا ہوگا جب تک ڈاکوؤں کا مکمل صفایا نہ ہو جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ملکر ڈاکوؤں کے گروہوں اور ان کے سرغنہ کا قلع قمع کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ وسائل ہم فراہم کرینگے اور انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے تحت جملہ کارروائیوں کو کامیاب بنائیں گے۔ اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی انویسٹی گیشن، ڈی آئی جیز ٹی اینڈ ٹی، آئی ٹی، ہیڈ کوارٹرز سندھ، ڈائریکٹر آئی بی جبکہ اے آئی جیز آپریشنز، ایڈمن نے براہ راست جبکہ ڈی آئی جیز لاڑکانہ، نصیر آباد، ایس ایس پیز اور دیگر نے ذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔

# معاشی مسائل کے باوجود ملازمین کے مسائل حل کر رہے ہیں

وی سی ویمن یونیورسٹی

**230 ایڈمن و اکیڈمک اسٹاف کو اگلے عہدوں پر ترقی دی گئی' نئی آسامیاں بھی تخلیق کیں' پروفیسر ڈاکٹر ساجدہ نورین**

کوئٹہ (خ ن) سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کی وی سی پروفیسر ڈاکٹر ساجدہ نورین نے کہا ہے کہ تعلیم نسواں کے فروغ کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں یہ بات انہوں نے عیدملن پارٹی کے شرکا سے خطاب میں کہی جس میں ڈینز ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹس فیکلٹی ارکان ڈائریکٹرز سب کیمپسز اور ایڈمن اسٹاف نے شرکت کی۔ وائس چانسلر نے کہا کہ یونیورسٹی کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے انتظامیہ اور اکیڈمک اسٹاف کی پر خلوص کاوشیں قابل داد و تحسین ہیں جس کی واضح مثال یہ ہے کہ یونیورسٹی کے قیام کے ابتدائی دور میں طالبات کی تعداد انتہائی قلیل تھی جبکہ آج صوبے کے دور دراز علاقوں سے آئی ہوئیں دس ہزار سے بھی زائد طالبات یونیورسٹی میں زیر تعلیم ہیں جو کہ تعلیم نسواں کے فروغ کے لئے یونیورسٹی کی کارکردگی کا بہترین مظہر ہے۔ وائس چانسلر نے مزید کہا کہ یونیورسٹی انتظامیہ ملازمین کی فلاح کیلئے تمام اقدامات بروئے کار لا رہی ہے باوجود اس امر کے بلوچستان کی تمام پبلک سیکٹر جامعات کو شدید مالی بحران کا سامنا ہے حتیٰ کہ ملازمین کی تنخواہوں کی ادائیگی بھی موخر ہے لیکن یونیورسٹی انتظامیہ کی شب و روز کی محنت نے نا صرف ملازمین کو تنخواہوں کی ادائیگی کو یقینی بناتے ہوئے ہے بلکہ 230 یونیورسٹی ملازمین جن میں ایڈمن و اکیڈمک اسٹاف شامل ہیں کو اگلے اسکیل پر پروموٹ کرتے ہوئے اپنی ملازم دوست پالیسی کا ثبوت بھی دیا ہے، پروموٹ شدہ ملازمین میں وہ بھی شامل ہیں جن کیلئے نئی آسامیوں تخلیق کی گئی اور کئی کے تو پاتھ بلاک تھے جنہیں کلیئر کیا گیا تا کہ انہیں پرموٹ یا اپ گریڈ کیا جا سکے تقریب کے اختتام پر شرکاء نے وائس چانسلر کا شکریہ ادا کیا اور اسی طرح یونیورسٹی کی بہتری کیلئے اپنا کردار ادا کرنے کی امید ظاہر کی۔

MASHRIQ QUETTA

# خضدار دھماکہ میں پولیس انسپکٹر کی شہادت کا واقعہ قابل مزمت ہے، فرح عظیم شاہ

**دہشتگرد اپنے مذموم مقاصد کے لئے صوبے کے پرامن ماحول کو خراب کرنے کی کوشش کر رہے ہیں**

کوئٹہ (آئی این پی) ترجمان حکومت بلوچستان فرح عظیم شاہ نے خضدار جھالاوان کمپلیکس کے قریب دھماکے اور اس میں پولیس انسپکٹر کے شہادت کے واقعہ......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 9 پر

بقیہ 39 صفحہ نمبر 9 پر

کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگرد صوبے کے پرامن ماحول کو خراب کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ان کا قلع قمع کرنا لازم و ملزوم ہو چکا ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے بم دھماکے کی مذمت کی ہے اور کہا ہے بلوچستان کی عوام صوبے میں پرامن ماحول چاہتی ہے لیکن دہشتگرد اپنے مذموم مقاصد کے لئے صوبے کے پرامن ماحول کو خراب کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ان کا صفایا ہر صورت یقینی بنایا جائیگا۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 DATE: 28 APR 2023 Page No: 10

## بلوچستان میں مونکی پاکس کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا، محکمہ صحت

**محکمہ صحت بلوچستان پوری تندہی سے کام کر رہا، مشتبہ مریض کا پی سی آر ٹیسٹ بھجوا دیا گیا ہے**

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ صحت حکومت بلوچستان نے کہا ہے کہ بلوچستان میں مونکی پاکس کا کوئی کیس نہیں ہوا ہے ایک مشتبہ مریض کا پی سی آر ٹیسٹ بھجوا دیا گیا ہے۔ ......

بقیہ 31 صفحہ نمبر 9 پر

-یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ بلوچستان میں ابھی تک منکی پاکس کا کوئی کیس رونما نہیں ہوا ایک مشتبہ مریض کا پی سی آر ٹیسٹ بھجوا دیا گیا ہے مریض کافی عرصہ سے جلد کی بیماری میں مبتلا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ انتہائی غیر ذمہ دارانہ طور پر یہ خبریں گردش کر رہی ہیں کہ کوئٹہ میں موئکی پوکس کا پتہ چلا ہے ایسی کوئی تصدیق نہیں ہوئی ہے تاہم محکمہ صحت بلوچستان پوری تندہی سے کام کر رہا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ فاطمہ جناح ہسپتال میں خاص طور پر موئکی پوکس کے مریضوں کے لیے آئسولیشن وارڈز بنائے گئے ہیں فاطمہ جناح ہسپتال میں موئکی کے مرض کے لیے الگ وارڈ میں 12 بستر مختص کیے گئے ہیں عوام بے بنیاد اور سنسنی خیز خبریں پھیلانے سے گریز کریں جس سے کمیونٹی میں خوف وہراس پھیل جائے۔

INTEKHAB QUETTA

## مردم شماری پر وزرائے اعلیٰ کا اجلاس ملتوی

اسلام آباد (آن لائن) مردم شماری نتائج پر تحفظات پر ادارہ شماریات

بقیہ نمبر 19 صفحہ 7 پر

کی جانب سے چاروں صوبوں کے وزرائے اعلیٰ اور پارلیمانی رہنماؤں کو دی جانے والی بریفنگ موخر کر دی گئی۔ واضح رہے کہ ملک میں جاری حالیہ مردم شماری کے نتائج پر صوبوں اور مختلف سیاسی جماعتوں کی جانب سے شدید اعتراضات ظاہر کیے گئے تھے جس کے بعد ادارہ شماریات کی جانب سے پارلیمانی رہنماؤں اور چاروں وزرائے اعلیٰ کو بریفنگ دی جانی تھی۔ تاہم ذرائع کے مطابق ادارہ شماریات حکام کی جانب سے جمعرات کو دی جانے والی بریفنگ سیاسی سرگرمیوں کے باعث منسوخ کی گئی۔ قبل ازیں ساتویں قومی مردم شماری پر اسٹیک ہولڈرز کے تحفظات کے باعث ادارہ شماریات نے تمام ذمہ داران کو بریفنگ دینے کا فیصلہ کیا تھا۔ پارلیمانی رہنماؤں کے ساتھ چاروں صوبائی وزرائے اعلیٰ کو بھی بریفنگ میں مدعو کیا گیا تھا۔

## محکمہ پولیس میں تقرر و تبادلے

کوئٹہ (این این آئی) سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کوئٹہ کے جاری کردہ ایک اعلامیہ کے مطابق اے آئی جی آپریشن

بقیہ نمبر 45 صفحہ 7 پر

سی پی او کوئٹہ محمد معروف مسعود منظور کو جنرل سینئر مینجمنٹ کورس سینٹرل پولیس آفس رپورٹ کرنے کی ہدایت، تعیناتی کے منتظر عبدالحق عمرانی کو اے آئی جی آپریشن سی پی او کوئٹہ، تعیناتی کے منتظر ڈاکٹر محمد سمیع ملک کو اے آئی جی جنرل سی پی او کوئٹہ، ایس پی محمود احمد نوتیزئی کو سینٹرل پولیس آفس رپورٹ کرنے کی ہدایت جبکہ تعیناتی کے منتظر محمد عیسیٰ جان رند کو ایس پی [illegible] تعینات کر دیا گیا۔ ایک اور اعلامیہ کے مطابق سینٹرل پولیس آفس میں تعیناتی کے منتظر صاحبزادہ بلال عمر کو ڈی آئی جی ٹیلی کمیونیکیشن بلوچستان کوئٹہ، اے آئی جی جنرل سی پی او کوئٹہ اعزاز احمد بلوچ کو ڈی آئی جی کرائمز برانچ بلوچستان کوئٹہ اور ڈی آئی جی کرائمز برانچ بلوچستان وزیر خان ناصر کو جنرل سینئر مینجمنٹ کورس جانے کیلئے سینٹرل پولیس آفس رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی۔

92 نیوز کوئٹہ

## وفاقی محتسب کے حکم پر بیوہ خاتون کو معاوضے کی ادائیگی

**بیوہ نے درخواست دی تھی آئیسکو کی نااہلی سے اس کا بیٹا کرنٹ لگنے سے جاں بحق ہوا تھا**

کوئٹہ (پ ر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی مداخلت پر کرنٹ لگنے سے ایک بیوہ کے سولہ سالہ بیٹے کے جاں بحق ہونے کا معاوضہ ادا کر دیا گیا ہے، جس پر بیوہ نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق چونترہ راولپنڈی کی رہائشی ایک بیوہ نے وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے پروگرام آئی آر ڈی کے تحت شکایت کی کہ اس کا سولہ سالہ بیٹا گلی میں لگے بجلی کے کھمبے سے کرنٹ لگنے سے 13 مارچ 2021ء کو جاں بحق ہو گیا تھا جس کا معاوضہ ادا نہیں کیا جا رہا۔ کھمبے سے ایک پرائیویٹ پولٹری فارم کو بجلی فراہم کی جا رہی تھی۔ اہل علاقہ نے متعدد بار آئیسکو حکام سے گلی سے یہ خطرناک کھمبہ ہٹانے کی درخواست کی مگر بے سود۔ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ نے شکایت موصول ہونے کے بعد یہ معاملہ آئیسکو، پیرا، پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی اور پنجاب پولیس کے ساتھ اٹھایا اور بیوہ کو معاوضہ کی ادائیگی پر زور دیا۔ وفاقی محتسب میں کیس کی کارروائی شروع کی گئی تو پولٹری فارم کے مالک نے ساڑھے چودہ لاکھ روپے بطور معاوضہ بیوہ کو ادا کر دیئے جب کہ آئیسکو معاوضے کی ادائیگی میں مختلف حیلوں بہانوں سے تاخیر کرتا رہا۔ وفاقی محتسب میں کیس کی مسلسل پیروی سے اب شکایت کنندہ نے اپنے شکریہ کے خط کے ساتھ تصدیق کی ہے کہ آئیسکو نے بھی سات لاکھ پچاس ہزار روپے کی رقم بطور معاوضہ ادا کر دی ہے۔ آئیسکو نے گزشتہ ہفتے 14.04.2023 کو 750,000 روپے کا چیک شکایت کنندہ بیوہ کے حوالے کیا تھا جس پر بیوہ نے اسے قانونی حق دلانے پر وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا ہے۔

# کوئٹہ، موسم بدلتے ہی کانگو وائرس پھیلنے کا اندیشہ

## ایک مریض چل بسا

صورتحال یہی رہی تو عیدالاضحیٰ پر مویشی منڈیوں میں وائرس ایک سے دوسرے جانوروں میں منتقل ہوتا رہے گا، سدباب کیلئے فوری اقدامات ناگزیر

**جان لیوا وائرس کو ختم کرنے کیلئے سپرے مہم شروع کرنے والے محکمہ لائیو اسٹاک کے افسران اور عملہ اب تک عید کی چھٹیاں منانے میں مصروف**

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) کوئٹہ میں کانگو وائرس سے ایک شخص جاں بحق جبکہ دوسرے مشتبہ مریض کو ہسپتال سے ڈسچارج کر دیا گیا متعلقہ ڈاکٹر کے مطابق ہسپتال سے جانے والا مریض غیر ملکی باشندہ تھا جسے یو این ایچ سی آر کے حوالے سے کرتے ہوئے اس کے ملک افغانستان بھجوا دیا گیا تاہم موجودہ صورتحال سے لگتا ہے کہ کانگو وائرس نے کوئٹہ میں پنجے گاڑھے شروع کر دیے صورتحال یہی رہی تو بڑی عید تک وائرس کی عدم توجہی کے باعث کوئی اقدام نہ اٹھانا قابل افسوس ہے محکمہ لائیو اسٹاک کا عملہ اور افسران تاحال عید کی چھٹیاں منانے میں مصروف دفاتر میں حاضری کم کوئی موقف دینے والا نہیں کوئٹہ میں عید سے قبل ہی یہ وائرس گرم موسم کے باعث اپنی جڑیں پکڑنا شروع کرتا ہے اور اس کا کیٹرا (چیچڑ) افزائش پاتا ہے اور مویشی منڈیوں میں یہ چیچڑ ایک جانور سے دوسرے میں منتقل ہوتا رہتا ہے جس کے سدباب کیلئے ضروری ہے کہ محکمہ لائیو اسٹاک کوئٹہ سمیت صوبے میں کانگو وائرس سے بچاؤ کے لئے سپرے مہم شروع کرے کیونکہ ان دنوں کوئٹہ اور اندرون بلوچستان کسی بھی قسم کے اسپرے کے حوالے سے کوئی اقدامات ہوتے نظر آرہے جبکہ لائیو اسٹاک کے مذکورہ برانچ کے افسران سے رابطہ کر کے ان کا موقف جاننا چاہا تو پتہ چلا کہ محکمہ کے اعلیٰ افسران اور عملہ تاحال عید کی چھٹیاں منا رہے ہیں اور دفتر حاضر ہی نہیں ہوئے جبکہ عید کی چھٹیاں ختم ہو چکی ہیں مگر متعلقہ حکام کی جانب سے کسی بھی قسم کا کوئی بھی اقدام نہ ہونا قابل افسوس ہے۔


MASHRIQ QUETTA


# اوستہ محمد گندم کی خریداری میں میگا کرپشن، محکمہ زمینداروں کو چونا لگانے میں مصروف

خریداری کیلئے پرانا باردانہ استعمال کیا جا رہا ہے جو سائز میں بھی چھوٹا ہے بوری میں 100 کے بجائے 90 کلو گندم بھری جا رہی ہے

**محکمہ خوراک گندم کی خریداری کے نام پر مبینہ طور پر میگا کرپشن کو تقویت دے رہا ہے، نوٹس لیا جائے، کاشتکاروں کی اپیل**

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) اوستہ محمد گندم خرید کے نام پر محکمہ خوراک میں میگا کرپشن کے انکشافات خریداری کیلئے پرانا باردانہ استعمال کیا جا رہا ہے جو سائز میں بھی چھوٹا ہے بوری میں 100 کے بجائے 90 کلو گندم بھرا جا رہا ہے 11 کلو گندم ٹرک میں اوپن دیا جا رہا ہے حکام بالا اس جانب فوری نوٹس لیں اوستہ محمد کے عوامی حلقوں نے شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ محکمہ خوراک بلوچستان کی جانب سے نصیر آباد ڈویژن میں گندم کی خریداری کا سلسلہ جاری محکمہ خوراک کے افسران پرانا و چھوٹا سائز باردانہ استعمال کر رہے ہیں باردانہ میں 100 کی بجائے 90 کے جی گندم کی گنجائش ہے جبکہ گیارہ کلو گندم ٹرکوں میں اوپن ڈالا جاتا ہے جو کہ اداروں کیلئے سوالیہ نشان ہے اوستہ محمد کے عوامی حلقوں نے کہا کہ محکمہ خوراک گندم کی خریداری کے نام پر مبینہ طور پر میگا کرپشن کو تقویت دے رہا ہے اور فی بوری سے گیارہ کلو گرام گندم کم بھر کر بلوچستان کی عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کی مترادف ہے انہوں نے چیف سیکرٹری بلوچستان چیئرمین نیب اور اینٹی کرپشن بلوچستان کے اعلیٰ حکام سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ خوراک کے افسران کی مبینہ کرپشن اور پرانے باردانہ کی استعمال اور وزن کم خریدنے میں ملوث افسران کے خلاف قانون کے تحت سخت کارروائی کو یقینی بنایا جائے۔

# CLIPPING SERVICE


**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 5 DATE: 28 APR 2023 Page No: 18


مانجھی پور

# ٹھیکیدار کو ایک کروڑ کی ادائیگی پر فقط بنیادوں کی کھدائی، کالج کا کام التوا کا شکار

کام شروع ہوئے 2 سال بیت چکے، سیوریج کا بہانا بنا کر کام التوا کا شکار کر دیا گیا، طلبا کو تعلیم حاصل کرنے میں مشکلات، ہاسٹل میں درس و تدریس پر مجبور

**ایکسیئن بلڈنگ صحبت پور کی خاموشی سوالیہ نشان بن گئی، ڈی سی صحبت پور، چیف سیکریٹری بلوچستان اور ڈائریکٹر کالجز اقدامات کریں، سیاسی و سماجی تنظیمیں**

مانجھی پور (نامہ نگار) ڈگری کالج مانجھی پور کی عمارت معمہ بن کر رہ گئی، ذرائع کے مطابق ڈگری کالج کے لئے ایک کروڑ روپے مبینہ طور پر ادائیگی کی گئی لیکن 2 سال میں صرف بنیاد کی کھدائی کر کے سیوریج کا بہانا بنا کر کام التوا کا شکار کر دیا گیا، عوامی حلقوں نے محکمہ مواصلات و تعمیرات کے حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا، تفصیلات کے مطابق ٹھیکیدار کی جانب سے ڈگری کالج کا کام التوا کا شکار کرنے سے طلبا کو تعلیم حاصل کرنے میں مشکلات کا سامنا ہے، ٹھیکیدار کو 2 سال قبل ایک کروڑ روپے کی مبینہ ادائیگی بھی ہو چکی، صرف کھدائی کر کے سیوریج کا بہانا کر کام التوا کا شکار کر دیا گیا، ڈگری کالج مانجھی پور کی عمارت کا کام شروع نہ ہونے پر ایکسیئن بلڈنگ صحبت پور کی خاموشی سوالیہ نشان بن گئی، سیاسی و سماجی تنظیموں نے مواصلات و تعمیرات کے سیکریٹری، ڈپٹی کمشنر صحبت پور، چیف سیکریٹری بلوچستان اور ڈائریکٹر کالجز سے ڈگری کالج مانجھی پور کے التوا کا شکار کام دوبارہ شروع کرنے کیلئے اقدامات کا مطالبہ کیا۔ واضح رہے کہ ڈگری کالج کے طلبا گورنمنٹ ہائی اسکول مانجھی پور کے پرانے ہاسٹل میں عارضی طور پر درس و تدریس میں مصروف ہیں، پرانی عمارت کسی بھی وقت بڑے سانحے کا سبب بن سکتی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**Daily:** INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6 DATE: 28 APR 2023 Page No: 20

## بارشوں کی پیشگوئی، زندگی مزید دشوار ہونے کا خدشہ

محکمہ موسمیات نے حب، لسبیلہ سمیت پورے بلوچستان میں آج سے مئی کے پہلے ہفتے تک طوفانی بارشوں کی پیشگوئی کی ہے جبکہ جولائی 2022 کی شدید بارشوں اور سیلاب سے بے گھر ہونے والے متاثرین کے گھروں کی تعمیر ومرمت کو حکومتی سطح پر تاحال ممکن نہیں بنایا گیا، بے گھر سیلاب متاثرین اپنے اہل وعیال کے ہمراہ کھلے آسمان تلے زندگی بسر کرنے پر مجبور ہیں، ایسے میں مزید بارشوں سے ان کی زندگیاں اجیرن ہوجائیں گی۔

بلوچستان میں باران رحمت ہر سال برستے ہیں، لیکن عوام کی بدنصیبی ہے کہ حکومت نے اس حوالے سے پیشگی اقدامات ابھی تک نہیں کیے ہیں۔ اس صوبے میں سال دو سال میں سیلاب آتا ہے اور لاکھوں لوگوں کی زندگیوں کو متاثر کرکے چلا جاتا ہے۔ بلوچستان کے پاس وسیع پہاڑی علاقہ ہونے کے باعث پانی کا بہاؤ بہت تیز ہوتا ہے جس سے اکثر سڑکیں اور پل متاثر ہوتے ہیں۔ بیشتر مقامات پر تو سڑکیں ہی بہہ جاتی ہیں جبکہ جگہ جگہ پل ٹوٹنے کا عمل بھی معمول کی بات معلوم ہوتا ہے۔ عوام کی جان ومال کا جو نقصان ہوتا ہے وہ اس سے بڑھ کر ہے۔

بارشوں اور سیلاب کے باعث جگہ جگہ پانی جمع ہوجاتا ہے جو شہریوں کے لیے باعث زحمت بننے کے ساتھ ساتھ بیماریوں کا بھی سبب بنتا ہے۔ اکثر علاقوں میں حشرات کی بھرمار ہوجاتی ہے اور شہری جلدی اور دیگر بیماریوں کا شکار ہوتے ہیں۔ صوبے میں صحت کے معاملات ویسے ہی دیگرگوں ہیں، ہر ضلع میں حکومت کی جانب سے طبی سہولیات فراہم نہیں کی جاسکیں، نہ ہی بڑے اسپتال تعمیر کیے گئے ہیں، شہری پہلے ہی بیماریوں کا علاج کروانے کے لیے بڑے شہر یا پھر دوسرے صوبے جانے پر مجبور ہیں، ایسے میں اگر بارشوں کے پانی کی نکاسی اور ذخیرہ اندوزی کا مناسب بندوبست نہ ہونے سے شہریوں کو مزید بیماریاں لاحق ہوں گی تو شہریوں کے لیے جینا مشکل ہوجائے گا۔

دوسری جانب بلوچستان میں بہت سے نئے ڈیم بنائے جانے کی گنجائش ہے، یہی پانی جو سیلاب اور ندی نالوں میں بہہ کر سمندر میں گر جاتا ہے، اسے اگر محفوظ کرلیا جائے تو پورا سال صوبے میں رہائش پذیر عوام کو میسر آئے، کھیتوں کو بھی سیراب کرنے کے لیے سال بھر پانی کی فراوانی ہو۔ ڈیم بنانا بے شک وفاقی حکومت کا کام ہے اور اس کے لیے بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کی ضرورت ہے لیکن اس کے علاوہ جھیل، تالاب اور کنویں بنا کر بھی پانی کو محفوظ کیا جاسکتا ہے۔ اس کے لیے بہت زیادہ سرمایہ کاری کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اس سے بھی شہریوں کو پورا سال پانی فراہم کیا جاسکتا ہے، کراچی کو بھی ایک جھیل سے پانی فراہم کیا جاتا ہے۔ اس حوالے سے حکومت بلوچستان کو پہلے بھی بہت سی تجاویز دی گئی ہیں، سمندر کے کنارے آباد شہروں کا بھی یہ حال ہے کہ وہ بھی بجلی اور پانی جیسی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ اس کی وجہ بھی ناقص منصوبہ بندی اور عوامی فلاحی کاموں کا فقدان ہی ہے۔ اگر حکومت سمندر سے پانی حاصل کرنے اور بجلی بنانے کے لیے مناسب اقدامات کرے تو کوئی بڑی بات نہیں کہ شہریوں کو پورا سال پینے کے لیے میٹھا پانی اور چوبیس گھنٹے بجلی میسر آسکتی ہے۔ سمندر کی لہروں سے توانائی حاصل کرنے کے لیے راکٹ سائنس کی ضرورت نہیں ہے، پلاسٹک کی چھوٹی چھوٹی ٹینکیوں کے ذریعے ہی سمندر کی لہروں سے بجلی بنائی جاسکتی ہے۔ دنیا بھر میں پانی سے بجلی حاصل کرنا سب سے سستا ترین ذریعہ ہے، ہوا اور شمسی توانائی اس کے بعد آتے ہیں۔

دنیا بھر کے ممالک سب سے زیادہ ڈیم بنانے کو ترجیح دے رہے ہیں، اس کے دو بڑے فائدے ہیں، پہلا یہ کہ پورا سال شہریوں کو پینے اور استعمال کے لیے صاف پانی میسر ہوتا ہے اور کاشت کاری کے لیے بھی پانی کی کمی نہیں ہوتی، اس کے علاوہ دوسرا بڑا فائدہ یہ ہے کہ اس سے سستی ترین بجلی حاصل ہوجاتی ہے۔ پاکستان کی بدقسمتی ہے کہ یہاں حکومتوں نے اس جانب توجہ نہیں دی، جس کے باعث سال بھر شہری پانی کی بوند بوند کو ترستے ہیں اور بجلی کی لوڈشیڈنگ کا عذاب الگ جھیلتے ہیں۔

حکومت اور انتظامیہ فوری طور پر شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کرے اور اس بات کو یقینی بنائے کہ سیلاب کی صورت میں کوئی بڑا حادثہ رونما نہ ہونے پائے۔ دوسری جانب پانی کو ذخیرہ کرنے کے منصوبوں کے لیے بھی کام کیا جائے، پانی کس قدر ضروری ہے یہ کسی سے ڈھکی چھپی بات نہیں ہے، حکومت اس حوالے سے کام کرنے والے ماہرین کا ایک پینل بنائے، دیگر صوبوں اور بیرون ملک سے بھی ماہرین کو سروے کروائے جائیں اور فزیبلٹی رپورٹ مرتب کرکے اس حوالے سے اقدامات کرے۔

شہریوں کو بیماریوں سے بچانے کے لیے بھی پیشگی اقدامات کی ضرورت ہے، فوری طور پر بخار اور دیگر بیماریوں سے بچاؤ کی ادویات کی ترسیل اور فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ بارشوں کے دوران بیمار ہونے والوں کو فوری طبی امداد دی جاسکے۔ جہاں جہاں سرکاری اسپتال اور ڈسپنسری قائم ہیں، وہاں ادویات کا فوری جائزہ لے کر موجودگی کو یقینی بنایا جائے کیوں کہ سرکاری اسپتال میں اکثر دوائیوں کی قلت کا سامنا رہتا ہے، ایک تو شہری بڑی مشکل سے سرکاری اسپتال پہنچتے ہیں، اس پر بھی وہاں دوائیاں نہ ہونا انتہائی تکلیف دہ ہوتا ہے، غریب شہری مہنگی دوائیاں خریدنے کی سکت نہیں رکھتے، لہٰذا اسپتالوں میں دوائیوں کی فراہمی اور ذخیرے کو بھی یقینی بنانا حکومت کی ذمے داری ہے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقا ت عا مہ
حکو مت بلو چستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6 DATE: 28 APR 2023 Page No: 27


## Quetta Development Projects

The development of Quetta, the provincial capital of Balochistan, seems to be a dream. Regrettably during the past two years, the city instead of making any development has turned to become a ruined city. All the main roads of the city, including that of Sariab Road, Sabzal Road, Qambrani Road, Munir Ahmed Mengal Road and Sirki Road are in a state of construction for the past two to three years but still they are far away from completion. Apart from these main roads within the city, the condition of other roads, sewerage lines, and footpaths in most of the localities is very pathetic. Sadly, the incumbent government seems disinterested with regard to development of Quetta city and completing Quetta development projects and expansion of roads in stipulated time. The Balochistan government had allocated Rs 24.5 billion for the Quetta Development Programme, aiming to bring a positive change in the city's landscape and giving it a facelift. The development package included extension of various roads, improving sewerage system, installation of street lights and construction of footpaths that would restore the lost beauty of Quetta. The projects initiated under the Quetta Development Programme include construction and rehabilitation of Sariab Road, Prince Road, Sirki Road, Zarghoon Road, Sabzal Road, Brewery Road, Nawan Killi Bypass and Western Bypass to Sariab Road. Reportedly the government also paid an amount of Rs5 million for the development, clearing, aligning and reconstruction of 7.6 kilometers long Sariab Road of the city to provide basic facilities to the residents. Work on some projects were initiated but they were not taken seriously therefore all the development projects of Quetta are almost incomplete and have become a nightmare for the residents. The pace of construction of Sariab Road, Sabzal Road and Sirki Road is very slow and it would take years to be completed if the government of Balochistan did not show seriousness in this connection. It is distressing that in the name of face-lifting and beautification of the city, billions of rupees are spent but the face of Quetta city is blemishing instead of improving. Balochistan is already facing a number of challenges including that of health, education, drinking water and infrastructure particularly in remote areas. It is inevitable that the government must pay serious attention towards completion of all development projects timely and keep special focus over quality of work. Timely completion of projects will help save resources which should be used in other parts of the province for the welfare of masses.

# CLIPPING SERVICE


**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA
28 APR 2023

Bullet No.______ DATE: ______ Page No: ______




وزیر داخلہ بلوچستان ضیاء لانگو اور
ڈاکٹر روڈیگر لوٹز مصافحہ کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 28 APR 2023 Page No:________



کوئٹہ : گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے گوادر یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر ملاقات کررہے ہیں



گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ سے غلام نبی مری کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے



گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے سابق سینیٹر و وفاقی وزیر رحمت اللہ کاکڑ کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے